ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سندھ پولیس آفس

فون 99212639

صوبے بھر میں سیکیورٹی اقدامات مزید سخت کیے جائیں :۔ آئی جی سندھ

کراچی، 14 مارچ 2014ء :۔ کوئٹہ، پشاور دھماکوں کے تناظر میں آئی جی سندھ اقبال محمود نے پولیس کو سیکیورٹی اقدامات مزید سخت کرنے اور علاقوں میں انٹیلی جنس سمیت ریکی و نگرانی بڑھانے کے احکامات جاری کیے ہیں۔

انہوں نے ہدایات جاری کیں ہیں کہ صوبے اور مرکزی شہروں سمیت اضلاع اور تھانہ جات کے داخلی و خارجی راستوں پر ناکوں اور چوکیوں کے تحت چیکنگ اور گاڑی نگرانی کے لیے غیر معمولی اقدامات کیے جائیں۔

انہوں نے کہا کہ تمام مساجد، امام بارگاہوں، مزارات کے علاوہ اقلیتی برادری کے مذہبی مقامات، دیہاتی علاقوں، مضافاتی اسکولوں سمیت دیگر تمام سرکاری و نیم سرکاری تعلیمی اداروں وغیرہ پر سیکیورٹی اقدامات کو غیر معمولی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حساس تنصیبات، پبلک مقامات و دیگر اہم عمارتوں و دفاتر کی سیکیورٹی کے لیے تمام تر اقدامات کو مربوط اور موثر بنایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ جرائم کے سدباب کے لیے ٹارگٹیڈ کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے اور اس ضمن میں خفیہ معلومات کے حصول، سرچنگ جیسے اقدامات کو اہمیت دی جائے۔

#